## سوال

(821) طالبہ عدت کیسے گزارے؟

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ایک لڑکی کا شوہر فوت ہوگیا ہے اوراس پر عدت لازم ہے مگر وہ اسکول کی طالبہ ہے، کیا اسے اپنی تعلیم جاری رکھنا درست ہے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جس عورت کا خاوند فوت ہوگیا ہو اس پر واجب ہے کہ عدت گزارے اوراپنے گھر میں چار ماہ دس دن تک سوگ کی کیفیت میں رہے اور رات اسی گھر میں گزارے، اور ایسی تمام کیفیات سے باز رہے جو اسے خوبصورت بنائیں، اس کی طرف دیکھنے کا سبب ہو سکتی ہوں، مثلاً خوشبو، سرمہ، خوبصورت لباس اوراپنے بدن کو مزین کرنا وغیرہ۔

اور دن میں کسی لازمی کام کےلیے گھر سے باہر جانا ہو تو جا سکتی ہے۔ لہذا یہ طالبہ جس کے متعلق سوال کیا گیا ہے، سکول جا سکتی ہے کیونکہ وہ اسباق پڑھنے اور مسائل سمجھنے کی ضرورت مند ہے، ساتھ ہی اس پر لازم ہے کہ ان امور سے اجتناب کرے جو عدت وفات والی خواتین کےلیے ضروری ہیں، جن کی بنا پر مرد عورتوں کی طرف متوجہ ہوتے ہیں اور جو پیغام نکاح کا باعث ہوتے ہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

**صفحہ نمبر 581**

محدث فتویٰ